Roll No.______________

S.S.C. (Part-I) A / 2024
(For all Sessions)

# اردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ - II

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2۔ درج ذیل اجزا میں سے حصہ نظم میں سے تین اور غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ [2x5=10]

### حصہ نظم

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم
کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا
مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت
تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

(iv) ہے تیرے گُلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

### حصہ غزل

(i) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ii) زنخداں سے آتشِ محبت رہی
کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

(iii) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیے۔ [10]

(الف) ایک دن دیوان فضل اللہ مرحوم چُرٹ میں سوار مرزا صاحب کے مکان کے پاس سے بغیر ملے نکل گئے۔ مرزا کو معلوم ہوا تو انھوں نے ایک رقعہ دیوان جی کو لکھا۔ مضمون یہ کہ آج مجھ کو اس قدر ندامت ہوئی ہے کہ شرم کے مارے زمین میں گڑا جاتا ہوں۔ اس سے زیادہ اور کیا نالائقی ہو سکتی ہے کہ آپ کبھی نہ کبھی تو اس طرف سے گزریں اور میں سلام کو حاضر نہ ہوں۔ جب یہ دیوان جی کے پاس پہنچا تو وہ نہایت شرمندہ ہوئے اور اُسی وقت گاڑی میں سوار ہو کر مرزا صاحب سے ملنے کو آئے۔

(ب) ماہرین کا خیال ہے کہ بُلبُل کے گانے کی وجہ سے اُس کی غمگین خانگی زندگی ہے۔ جس کی وجہ یہ ہر وقت کا گانا ہے۔ دراصل بُلبُل ہمیں محظوظ کرنے کے لیے ہرگز نہیں گاتی، اُسے اپنے فکر ہی نہیں چھوڑتے، بُلبُل کیے راگ گاتی ہے یا پکے؟ بہرحال اس سلسلے میں وہ بہت سے موسیقاروں سے بہتر ہے۔ ایک تو وہ گھنٹے بھر کا الاپ نہیں لیتی۔ بے سُری ہو جائے تو بہانے نہیں کرتی کہ سازوالے نکمے ہیں۔ آج گلا خراب ہے، آپ تنگ آجائیں تو اُسے خاموش کراسکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔ اور کیا چاہیے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ [10]

(i) حضور اکرم ﷺ نے جناب امیرؓ کو بلا کر کیا فرمایا؟
(ii) آم کے بارے میں مرزا غالب کی کیا رائے تھی؟
(iii) کون سے لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں؟
(iv) "حضرت بی" کون تھیں؟
(v) بیل زمین پر کیوں گر پڑا؟
(vi) علامہ اقبالؒ نے کتنی عمر پائی؟
(vii) نظم نعت میں "تُو" سے کون مراد ہیں؟
(viii) میرؔ کی غزل کے اِس شعر میں کون سی تشبیہ استعمال ہوئی ہے؟
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ [05]

الف۔ کاہلی ب۔ آرام و سکون

6۔ نصاب میں دی گئی نظم "نعت" کا مرکزی خیال / خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام لکھیں۔ [1+4=5]

7۔ پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاک کی ناقص کارکردگی کے بارے میں شکایت کریں۔ [10]

یا

والد کے نام خط لکھیے جس میں سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد بیان کریں۔

8۔ "مریض اور ڈاکٹر" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا "عقل مند بیوی" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ [05]

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ [05]

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔
(ii) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔
(iii) اُسامہ نے بچہ کو اُس کی ماں کو دیا۔
(iv) ریوڑ جنگل میں چل رہے ہے۔
(v) اُس کی عزت، شہرت، دولت، صحت سب کچھ داؤ پر لگ گئے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) زبانِ خلق کو ____________
(ii) باسی کڑھی میں ____________
(iii) ماروں گھٹنا ____________
(iv) آخ تھو ____________
(v) گُڑ سے جو مرے ____________